رسالہ

تصحیح اللغات

موسوم باسم تاریخی

اصلاح ضروری

سنہ ۱۳۴۶

تالیف لطیف ادیب بازک خیال فصیح باکمال جناب
مولوی رفیع احمد صاحب وکیل مدظلہم العالی

محمد احید الدین ایف۔ آر۔ ایس اے پرنٹر و پبلشر

بدایوں میں زیور طبع سے مزین ہوا

سنہ ۱۹۲۹ء

اول ۵۰۰ جلد

ملنے کا پتہ: نظامی پریس بک ایجنسی بدایوں

اثر خامۂ حضرت مولانا سید شاہ علی احسن صاحب احسن مارہروی تلمیذ فصیح الملک داغ دہلوی

کہنے کو ٹکا بھر کی زبان کہی جاتی ہے مگر جو اس کی بات ہے کسی کی نہیں۔ دنیا میں ہر کہہ و مہ اس دولت عظمیٰ کا حامل دامین نظر آتا ہے۔ دو برس کے بچے سے سو برس کے بوڑھے تک جس کو دیکھیے بھانت بھانت کی بولیاں سُناتا پھرتا ہے جن کا ذریعہ اور آلہ وہی ٹکا بھر کی زبان ہے۔ جاہلوں میں کوئی ابوجہل ہو یا عارفوں میں کوئی ابو المعارف، ہر متنفس انہی منطقی صغریٰ و کبریٰ سے نتائج متعارف حاصل کرتا ہے۔ ایسی وسیع قوت ناطقہ کی تعریف و تفصیل آسان نہیں خصوصاً اس حالت میں جبکہ قادر علی الاطلاق نے اختلاف السنہ کو اپنی آیات خاص سے تعبیر فرمایا ہو۔ لہٰذا اس تمہید کے بعد مزید توضیح غیر ضروری معلوم ہوتی ہے۔

اصل مدعا یہ ہے کہ زبان ہر شخص کے پاس ہے اور ہر ایک اظہار مدعا کے لیے جنبش لب سے مختلف آوازیں نکالتا ہے جس میں مہمل بھی ہوتی ہیں اور با معنی بھی۔ مگر یہاں صرف اُس طبقے سے روئے سخن ہے جس کو یہ امتیاز حاصل ہے کہ ہم کیا بولتے ہیں اور کیا بولنا چاہیے۔

علم اللسان کی ابتدا تو پیدا ہوتے ہی ہو جاتی ہے لیکن اُس کو انتہا تک پہنچانے کے لیے جتنے مراحل طے کرنے پڑتے ہیں اور قدم قدم پہ جتنی ٹھوکریں کھانی پڑتی ہیں، اُنمیں ایک فرد بشر ہی کو نہیں بلکہ افراد بے شمار کو اپنی عمریں اور صدیاں گذار دینی ہوتی ہیں جس کے بعد بھی یہ عالم ہوتا ہے کہ انسان تو انسان، گویا نہ لغت فرشتہ عاری ست۔

ربع مسکوں کی آبادی میں قدرت الٰہی کی نامتناہی نشانیوں میں ایک نشانی یہ بھی ہے کہ انسان

باوجود ہم نوع ہونیکے، اپنا لب ولہجہ، اپنی ترکیب گفتار اور اپنے الفاظ وحروف کو ایک دوسرے سے اس قدر متغائر اور غیر متجانس رکھتا ہے کہ عجم عرب کے سامنے گونگا ہے اور ہند کا ایران کے مقابلہ میں شین قاف درست نہیں یہ اختلاف اگر صرف غیر ممالک کی زبانوں تک محدود رہتا تو خیال ہو سکتا تھا کہ مختلف اثرات اور تغیرات آب و ہوا کے نتائج ہیں، طرہ تو یہ ہے کہ ایک ملک، ایک شہر اور ایک خاندان کے رہنے والوں میں ایک کو دوسرے سے اتحاد لسانی حاصل نہیں۔

یہاں یورپ کی زبانوں سے کوئی بحث نہیں، ایشیائی زبانوں میں صرف ایرین اور سامی زبانوں پر نظر ڈالی جائے تو عجیب وغریب اختلاف نظر آئیں گے۔ مختلف ملکوں اور اُن کے صوبوں کا تذکرہ طوالت سے خالی نہیں، ایک صوبۂ حجاز کے بلد الامین میں پانی (آب) کو ایک طبقہ ماء کہتا ہے دوسرا مُوْیَہ (بروزن کھویا) تیسرا اموئیّہ (بروزن چوئیا)۔ کاف فارسی (گ) جس کا عربی میں وجود نہیں آج عربوں کی بول چال میں موجود ہے۔ اس تغیر تلفظ کے بعد جب بذیل تخفیف الفاظ کا گلا گھونٹنے پر زبان درازی کیجاتی ہے تو اَیَّ شیٍٔ تقول کو اَیْشْ تَگُلْ (بکاف فارسی) اور قُلْ قُلْ مالیہ کو گل گل مافی اور ملڈ کو ھگدے، فرمایا جاتا ہے۔

بنی آدم کی آفرینش سے اسوقت تک کی تمام زبانوں کے تغیرات کا کیا ٹھکانا جبکہ ایک ملک اور ایک صوبے میں چالیس پچاس فرسخ کے فاصلے پر اختلافات نظر آتے ہوں، پھر ان اختلافوں کے ساتھ یہ تبدیلیاں کہ نصف صدی پہلے جو الفاظ بولے جاتے تھے پچاس برس بعد اُن کا دیس نکالا ہو گیا، غرضکہ اس خود ترک کی درآمد و برآمد میں لسانی تغیرات کا ایک سلسلہ ہے جو تا بقائے زبان ٹوٹنے والا نہیں۔

عرب نے عجم پر تسلط جمایا تو ژند پاژند اوستا یا پہلوی و دری کو عربی فصاحت سے مانوس بنایا۔ عجم نے ہندوستان میں قدم رکھا تو یہاں کی بھاشا کو اپنی عذوبت کی چاشنی پر لگایا۔ بھاشا نے جب عرب و عجم سے روشناسی حاصل کر لی تو اُن کی خاطر داشت کے لیے اپنے افعال وحرکات سے اپنی حیثیت کو اتنا مٹایا کہ اُردو سے موسوم ہو گئی

اس ترکیب اتحاد نے جہاں بیشمار فائدے پہنچائے وہاں چند نقصانات کے پہلو بھی دکھائے۔ من جملہ انکے ایک زبردست خسارہ اس آمیزش و افزائش سے یہ ہوا کہ ابتک اُردو کی ایسی گرامر نہیں بن سکی جس کو اصولاً خالص اُردو گرامر کہا جا سکے۔

جب کسی زبان میں معتدبہ ذخیرۂ الفاظ جمع ہو جاتا ہے اُس وقت ارباب فن اس طرف متوجہ ہوتے ہیں کہ تمام الفاظ کو یکجا کر کے اُن کی معنوی اور لفظی تشریح و تفصیل کر دیجائے۔ اس لُغت نویسی میں تحفظِ الفاظ کے ساتھ صحت لغت کا بھی اطمینان ہو جاتا ہے جس کا ایک کھُلا ہوا فائدہ یہ ہے کہ امتداد زمانہ کے باوجود آنیوالی نسلوں کو کسی غلط استعمال کا موقع نہیں مل سکتا۔ یہ ترتیب لغت اس دعوے کی دلیل ہے کہ لفظوں کے صحیح تلفظ وہی قابل تسلیم ہیں جن کو اہل زبان کے قرون اولیٰ نے ایجاد الفاظ کے ساتھ مروّج اور ظاہر کیا ہے، اگر یہ سامان تحفظ نہ کیا جاتا تو خدا جانے اب تک کتنے اختلافات رونما ہو جاتے۔

باوجود اس انضباط و تحفّظ کے ہر زمانے میں ایسی مثالیں ملتی ہیں کہ تحقیق لغت کے خلاف بعض الفاظ زبانوں پر جاری ہو جاتے ہیں یہ اختلاف اُس زمانے میں بہت کم نظر آتا ہے جبکہ اس زبان کے جاننے اور بولنے والے عموماً پائے جاتے ہوں، اور یہ کہ وہ زبان زندہ زبان ہو اور بازار سے دربار تک یکساں اس کو رسائی و باریابی حاصل ہو۔ لیکن جب ایسی مروّجہ زبان کی جگہ دوسری زبان چھین لیتی ہے اور پھر وہ مجلس علمی میں نسبتاً کم بولی جاتی ہے اُس وقت اس اختلاف کی رسّی بہت دراز ہو جاتی ہے۔ جیسا کہ آجکل انگریزی کی عمومیت نے فارسی و عربی الفاظ کو بے وقعت بنا رکھا ہے۔ اس اختلاف کے وسیع اور پائدار رہنے کا ایک بڑا سبب یہ ہے کہ اگرچہ بلحاظ علم و فن اہل ملک وقوف حاصل کر رہے ہیں، مگر چونکہ ذرائع معلومات انگریزی زبان سے وابستہ ہیں اس لیے دوسری زبانوں کی صحت و عدم صحت پر اُن کی نظر نہیں۔ نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ ادنیٰ طبقے کے افراد چونکہ ان تعلیم یافتہ اشخاص کو ماہر و واقف سمجھے ہوئے ہیں اور بجا سمجھے ہوئے ہیں ان کی زبان سے نکلے ہوئے عربی و فارسی الفاظ کو عام اس سے کہ وہ کسی تلفظ سے بولے جائیں مسلّم و

مستند مان لیتے ہیں۔ ایک ہندوستانی گریجوایٹ یا ولایت کا پاس شدہ بے تکلف شَرف (بفتحتین) کو شَرْف، مَرَض کو مَرْض، عَرَق کو عَرْق (بسکون اوسط) مُؤیَّد کو (موئیہ) اُخُوّت کو (اُخوت) (بسکون دوم) اِخوان (بکسر اول) کو اَخوان (بفتح اول) اِناث (بکسر اول) کو اُناث (بضم اول) بولتا ہے اور سننے والے بوجہ کم سوادی یا بے حیثیتی کوئی امتیاز نہیں کر سکتے۔ ان تلفظوں کے بعض وہ حضرات بھی ذمہ دار ہیں جن کو مغربی علوم سے زیادہ واسطہ نہیں۔ ایسے اشخاص انگریزی خوانوں سے زیادہ افسوس کے لائق ہیں۔ بعض خود پسند و مُعجب ایسے بھی دیکھے جاتے ہیں کہ صحت لفظی کے لیے استشارہ و استفسار اپنی ہتک سمجھتے ہیں اور بے تکلف اجتہاد سے ایسے الفاظ بول جاتے ہیں جو اس موقع کے لیے مناسب نہیں یا حرفوں کی اُلٹ پھیر سے بے معنی ہو گئے ہیں مثلاً یہ طوطی کی جگہ یہ بیضا اعمائے مستقیم کے عوض اعمائے مستقیم۔ مبالغے کو مغالطہ وغیرہ وغیرہ۔

ظاہر ہے کہ لغت ایک مبسوط اور جامع ذخیرہ ہوتا ہے اس لیے اُس پر پورا عبور فرداً فرداً سب کو نہیں ہو سکتا۔ عام اہل زبان کو اس کے سوا کوئی چارہ نہیں کہ وہ مستند اور قابل ارباب زبان کی گفتگو کو معیار صحت سمجھیں۔ افسوس ہے کہ فی زمانا ایسے جوہر قابل کمیاب ہوتے ہوتے نایاب ہو رہے ہیں جن کی صحبتوں اور گفتگو سے معمولی قابلیت کے لوگ ہدایت پا سکتے۔

جناب مولوی رفیع احمد صاحب عالیؔ وکیل بدایوں ایسی مایۂ ناز قابلیت کے حامل ہیں جنکی مثالیں بہت کم نظر آتی ہیں اور وہ بھی چند۔ روز کے لیے ان کو ابتدائے عمر سے خدمت زبان و تحقیق لغت کا شوق ہے اور اس شغف میں نصف صدی کا طویل زمانہ گزار چکے ہیں۔ ماہرین فن اور طالبانِ ادب کو شکر گزار ہونا چاہیے کہ موصوف نے "رسالۂ اغلاط" لکھ کر ایک ایسا فرض کفایہ ادا کیا ہے جس کی تعمیل فی الحقیقہ تمام افراد اہل زبان کے لیے فرضِ عین سے کم نہ تھی۔ تحقیق زبان کے متعلق اُن کی یہ خدمتِ ادب نہایت مفید کارنامہ ہے۔ یہ کام اگرچہ بہت وسیع پیمانے پر ہونا چاہیے

مگر ملک و اہل ملک کے رجحان طبع کو دیکھتے ہوئے مَا لَا یُدْرَکُ کُلُّہٗ لَا یُتْرَکُ کُلُّہٗ کے مصداق جتنے غلط الفاظ کی تحقیق و تصحیح ہو جائے بہر حال مفید ہے۔

مؤلف موصوف نے فی الحال بطور نمونہ یہ رسالہ مرتب کیا ہے جس میں تلفظ کی غلطیاں مشتہر اور املائی فروگزاشتیں کمتر دکھائی ہیں۔ بہت سے الفاظ جمع کر کے مختلف لغات سے کاوش و تحقیق کے بعد اُن کی صحت و عدم صحت بیان کر دی ہے۔

اس موقع پر ایک بات سمجھ لینے کے قابل ہے۔ آجکل کے اکثر انگریزی خواں نوجوان ہر اُس لفظ کو جو غلط بولا جا رہا ہے "غلط العام فصیح" کے مشہور معیار پر سمجھنے لگے ہیں، حالانکہ غلط العام کا مدعائے اصلی یہ ہے کہ جو الفاظ مستند اہل زبان کے عام طبقے میں مروج ہو گئے ہیں وہ فصیح ہیں نہ کہ بازاری عوام کی بولی۔ ان عوام کو کالانعام سمجھ کر اُس مشہور معیار فصاحت کو بایں الفاظ مکمل ماننا چاہیے کہ "غلط العام فصیح و غلط العوام قبیح"۔

اب مجھے جناب مولف کی خدمت میں اتنی گزارش کرنی باقی ہے کہ وہ اس رسالہ کو آئندہ طباعت کے موقع پر زیادہ وسعت دیکر بعض اُن فوائد کا اضافہ فرماویں جن کی صراحت اس وقت نہیں کی گئی ہے مثلاً ہر لفظ کے ضمن میں بشرح و بسط مالہٗ و ما علیہ سے پوری بحث کیجائے یعنی یہ دکھایا جائے کہ یہ لفظ مفرس یا مہنّد ہو گیا ہے یا نہیں اور اس لفظ کے متعلق لفظی۔ املائی۔ معنوی غرض کہ کوئی بات ایسی باقی نہ رہے جس کے لیے دوسری کتابوں کی ورق گردانی کرنی پڑے اگرچہ موصوف نے بھی اجمالاً اپنے دیباچے میں اس نکتے کی طرف اشارہ کر دیا ہے مگر ضرورت ہے کہ تشریح اس انداز سے کیجائے کہ محض اُردو کی تحصیل کرنیوالوں کو بھی یہ کتاب اُسی طرح منفعت بخش ثابت ہو جس طرح فارسی و عربی کے محصلین مستفیض ہو سکتے ہیں۔

المعرّف

علی گڈھ۔ ۳۱ جنوری سنہ ۱۹۲۹ء

احسن مارہروی

تشریح اصطلاحات مندرجہ رسالہ

نمبر	اصطلاح	تشریح
۱	فتح۔ فتحہ	زبر
۲	ضم۔ ضمہ	پیش
۳	کسر۔ کسرہ	زیر
۴	فتح اول یا ثانی وغیرہ	پہلے یا دوسرے حرف کا زبر علیٰ ہذا القیاس۔
۵	فتحتین	دونوں زبر یعنی پہلے اور دوسرے حرف کو زبر۔ اسی طریقے ضمتین دونوں حرفوں پر پیش۔ کسرتین دونوں حرفوں پر زیر
۶	فتحات ثلثہ	تین زبر یعنی پہلے دوسرے تیسرے حرف پر زبر۔
۷	سکون	حرکت کا موجود نہ ہونا ساکن ہونا
۸	وقف	ایک حرف ساکن کے بعد دوسرا حرف ساکن آنا موقوف ہونا۔
۹	تشدید	ایک حرف کو دو بار پڑھنا
۱۰	تخفیف	تشدید کا موجود نہ ہونا
۱۱	امالہ	الف کے بدلے یا پڑھنا جیسے حساب سے حسیب
۱۱	الف ممدودہ	وہ الف جو کھینچکر پڑھا جائے جیسے حضرات عربی میں اور آمد فارسی ہیں۔
۱۳	الف مقصورہ	جو الف کھینچکر نہ پڑھا جائے جیسے دعویٰ عربی میں اور اسر فارسی میں
۱۴	موحدہ	ایک نقطہ والا حرف
۱۵	فوقانی	وہ حرف جس کے اوپر نقطے ہوں
۱۶	مہملہ	بے نقطہ
۱۷	معجمہ	نقطہ دار
۱۸	معدولہ	واو جو تلفظ میں نہ آئے جیسے خود ضد ملفوظہ۔
۱۹	معروف	واو۔ یا یٰ جو کھینچکر پڑھی جائے جیسے دُور میر میں۔
۲۰	مجہول	واو یا یٰ جو کھینچکر نہ پڑھی جائے جیسے گور دیر میں
۲۱	تحتانی	وہ حرف جس کے نیچے نقطے ہوں
	بائے فارسی	پ۔ اس کے مقابلہ میں ب کو تازی کہتے ہیں اسی طرح چ کو جیم فارسی۔ ژ کو زائے فارسی گ کو کاف فارسی بولتے ہیں۔
۲۲	حائے حطی	جس کو عام لوگ بڑی ح کہتے ہیں۔ برخلاف ہ کے جو ہائے ہوز ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بعد حمد رب العالمین و نعت خاتم المرسلین و مناقب آل اطہار و صحابہ اصحاب
اخیار شائقین علم کو واضح ہو کہ زبان عربی میں جو فصاحت و بلاغت اور لطافت
و نفاست ہے وہ کسی دوسری زبان میں نہیں لیکن افسوس کہ زمانہ کی تبدیلیوں اور
اُس کے انقلابات کے ساتھ فی زماننا عربی زبان کا مذاق اور تعلیم و تعلم کا چرچا جاتا
رہا۔ تھوڑا ہی زمانہ گذرا کہ جابجا دیسی مکاتب میں کتب عربی کا درس برابر جاری تھا
مگر اب درس و تدریس تو کجا اُن دیسی مکتبوں کی بنیاد ہی نہیں رہی۔ زبان عربی کے
بعد فارسی زبان کا درجہ ہے جس کے محاورات و اصطلاحات و کنایات و استعارات
نہایت دلچسپ اور پُر لطف ہیں۔ تمام اصحاب جو فارسی زبان میں مہارت رکھتے
ہیں اس امر کو خوب جانتے ہیں اور دل سے مانتے ہیں لیکن اس کا بھی قریب قریب
وہی حشر ہوا جو زبان عربی کا ہوا۔ بہت عرصہ نہیں گذرا کہ خط و کتابت کا رواج عموماً
زبان فارسی میں تھا اب یہ دستور بھی متروک ہے۔ اور اب وہ زمانہ ہے کہ عربی و فارسی
اور اُن کے قواعد علمی سے آگاہی تو درکنار جو الفاظ عربی و فارسی روزمرہ استعمال
میں آتے ہیں اُن کی صحت اور غلطی سے بھی لوگ واقف نہیں۔ عوام تو عوام ثقات
کو بھی اس کا لحاظ کمتر ہے۔ اکثر الفاظ غیر صحیح اور اپنے محل و معانی کے خلاف بولے جاتے
ہیں اور غلط ضبط تحریر اور استعمال میں آتے ہیں۔ اس ہیچمدان نے گرہائے خوان

ارباب سخن اعنی رفیع احمد متخلص بہ عالی کو عرصہ سے یہ خیال تھا کہ الفاظ عربی و فارسی جو معمولاً استعمال میں آتے ہیں اور غلط اور خلاف لغت لکھے اور پڑھے جاتے ہیں یکجا جمع کروں اور اُن کی صحت و غلطی باعتبار کتب لغت دکھاؤں لیکن بوجہ افکار روزگار کثرت کار موقع نہ ملا۔ الحمد للہ کہ اب یہ آرزو پوری ہوئی اس رسالہ میں جہاں تک میری یاد اور حافظہ نے مدد دی وہ الفاظ جو غلط مستعمل ہیں معہ معانی و صراحت اعراب و کیفیت صحت و غلطی کتب لغات مثل صراح و منتخب اللغات و منتہی الارب و برہان قاطع و فرہنگ جہانگیری و غیاث اللغات و چراغ ہدایت وغیرہ سے اخذ کرکے لکھدیے ہیں۔ اس رسالہ میں عام ڈکشنریوں کی ترتیب کا التزام رکھا ہے۔ یہ رسالہ اگرچہ تمام اغلاط پر حاوی نہیں ہے اور اس میں الفاظ کے معنوی اغلاط سے تعرض نہیں کیا گیا ہے صرف تلفظ کی بیشتر اور املا کے کمتر اغلاط جمع کردیے گئے ہیں۔ تاہم طلبہ کو عموماً اور شعراء کو خصوصاً بہت کچھ مفید ہوگا۔ ان الفاظ کی تحقیق و تصحیح میں حتی الامکان مختلف کتب لغات سے مقابلہ کیا گیا ہے۔ اور اختلافی مواقع پر مستند و مشہور تر کتب کی تحقیق کو ترجیح دی ہے تاہم ممکن ہے کہ بمقتضائے بشریت بعض جگہ فروگذاشت ہوگئی ہو ارباب علم سے ملتجی ہوں کہ اگر کہیں سہو پائیں تو عاجز کو مطلع فرمائیں تاکہ طبع ثانی میں اس کی اصلاح کردی جائے آخر میں ایک اہم نکتہ عرض کرنا ضروری معلوم ہوتا ہے وہ یہ ہے کہ اکثر مجموعہ کے وہ الفاظ عربی و فارسی جو اُردو میں اپنی اصل کے خلاف جمہور فصحا کی زبان و قلم پر رائج ہوگئے ہیں گو اصلاً صحیح ہوں اُردو ادب میں صحیح ماننے چاہئیں کیونکہ یہ ایک قسم کی تہذیب یا تاریخ ہے۔ اور اس قسم کے تصرفات کو ہر زبان کے اساتذہ نے روا رکھا ہے۔ ان معروضات کے ساتھ یہ رسالہ قارئین کرام کی خدمت

میں پیش کیا جاتا ہے۔ اُمید ہے کہ شرف قبول پائے۔ واللہ المستعان وعلیہ التکلان۔

رفیع احمد

بدایوں

یکم اپریل سنہ ۱۹۲۸ء

* * *

باب الف ممدودہ

الفاظ	معانی	کیفیت صحت وغلطی
آتون	معلمہ	بحذف نون غلط ہے۔
آچار	مورث	الف ممدودہ سے مقصورہ نہیں۔
آحاد	ایک۔ جمع آحد کی	بہ الف بروزن افعال بلا الف غلط ہے۔
آخر	اور۔ دیگر	بفتح خائے معجمہ ہے۔ بکسر خار اس معنی میں غلط ہے۔
آدمی	انسان منسوب بہ آدم	بفتح دال صحیح ہے۔ بسکون غلط مستعمل ہے۔
آذر	آگ	بضم ذال معجمہ ہے۔ بفتح ذال نہیں۔
آرد	آٹا	بسکون را ہے بفتح را غلط ہے (اسی طرح کارد۔ پارس۔ فارس وغیرہ)
آرداب	گیلا ہوا آٹا	صحیح لفظ آرداب۔ ارداوہ غلط ہے۔
آزردہ	ستایا ہوا	بفتح زائے معجمہ ہے۔ بالضم غلط ہے۔
آزرم	صلح	بتقدیم زائے معجمہ ہے بتقدیم رائے مہملہ اس معنی میں غلط ہے۔
آستر	ابرہ کی ضد۔	الف ممدودہ ہے مقصورہ غلط ہے۔
آصف	نام وزیر حضرت سلیمان علیہ السلام۔	بفتح صاد مہملہ ہے بکسر صاد غلط ہے۔

الفاظ	معانی	کیفیت صحت و غلطی
آغشتہ	آلودہ	بفتح غین معجمہ ہے بکسر عین غلط مستعمل ہے۔
آمادن آمدہ	معانی معروف	ہر دو بفتح میم ہیں یا بسکون میم بر وزن ساختن و ساختہ غلط ہیں۔

باب الف مقصورہ

الفاظ	معانی	کیفیت صحت و غلطی
اَبخرہ	بخارات	بفتح اول وکسر ثالث ہے بفتح خائے معجمہ غلط ہے۔
اَبریشم	معنی معروف و بمعنی تارہائے	بفتح اول و یائے تحتانی مجہول وشین مضموم ہے بفتح شین غلط ہے۔
اُبوّت	باپ ہونا	بضم اول وضم ثانی وتشدید واؤ مفتوحہ ہے بفتح اول غلط ہے۔
اُبہّت	بزرگی	بضم الف وفتح بائے مشدد وفتح ہا ہے بکسر با غلط ہے
اَجنّہ	بچہ جو شکم مادر میں ہو جمع جنین کی۔	بفتح الف وکسر جیم وتشدید نون ہے۔ یہ لفظ بمعنی جمع جنی کے غلط مستعمل ہے جمع جنی کی جنہ ہے۔ اجنہ یا جنات نہیں۔
اُجورہ	مزدوری	بضم اول ہے بفتح نہیں۔

الفاظ	معانی	کیفیت صحت و غلطی
اُحُد	پہاڑ جو نزدیک مکہ معظمہ کے ہے	بضم اول و دوم ہے بفتح دوم غلط مستعمل ہے۔
اَحَدی	تنہا منصب دار جو حاکم کی طرف سے مسلط ہو	بفتح اول و فتح ثانی ہے۔ سکون ثانی غلط ہے۔
اَحیاناً	کبھی کبھی گاہ گاہ	بفتح اول ہے بکسر غلط ہے۔
اِخوان	بھائی۔ برادران جمع اخ کی ہے	بکسر اول ہے بفتح اول غلط مستعمل ہے اخ در اصل اخو تھا واو بسبب تخفیف واو کے یہ سے حذف ہوئی تھی جو جمع میں عود کر آئی
اُخُوَّت	بھائی ہونا۔ برادری	بضمتین و واو مفتوحہ مشدد ہے بفتح اول غلط ہے۔
اِدبار	دولت وغیرہ کا پیٹھ دکھانا ضد۔ اقبال	بکسر اول ہے۔ بفتح غلط مستعمل ہے۔
اَدعِیَہ	دعائیں۔ جمع دعا کی	بفتح اول و سکون دال و کسر عین و فتح یائے تحتانی ہے یا کو مشدد پڑھنا صحیح نہیں ہے۔
اذان	بانگ نماز	بروزن جوان ہے۔ اس معنی میں بروزن اذان استعمال کرنا نادانی ہے۔
ارجمند	صاحب مرتبہ (ارج یا ارز ۔ مند۔)	بسکون جیم ہے۔ بضم جیم غلط ہے۔

کیفیت صحت و غلطی	معانی	الفاظ
بہ ضم اول وسکون رائے مہملہ وکسرہ دال و یائے مجہول ہے یائے معروف غلط ہے۔	نام ماہ شمسی۔ موسم بہار	اُرْدیِ بہشْت
بکسر اول وسکون زائے معجمہ وکسر دال مہملہ وحائے حطی ہے۔ الف فارسی و ہائے ہوز یعنی اژدہام غلط استعمال ہے۔	انبوہ کرنا۔ انبوہ	اِزْدِحَام
بفتح اول وسکون زائے معجمہ مقدم برائے مہملہ ہے، رائے مہملہ کو زائے معجمہ پر مقدم استعمال کرنا غلط ہے۔	نیلگوں	اَزْرَق
یہ لفظ مفرد ہے۔ اژدر کی جمع کے معنی میں غلط استعمال ہے۔	بڑا سانپ	اَژْدَرْہَا
بہ فتح اول ہے۔ بے الف غلط مستعمل ہے اسم کی جمع اسماء ہے اور اس کی جمع الجمع آسامی ہے۔ اسی طرح اراضی کا الف غلط مستعمل ہے۔	نام۔ جمع الجمع اسماء	آسَامِی
بکسر اول وسکون ثانی وکسر ثالث وسکون رابع ہے جہلا حرف رابع (دال) کو مضموم بولتے ہیں۔ اس وزن کے اور مصادر میں بھی عوام غلطی کرتے ہیں۔ مثلاً استقبال جس کو بجائے تاکے کسرہ کے فتحہ سے بولتے ہیں۔	درخواست کرنا	اِسْتِدْعا

الفاظ	معانی	کیفیت صحت و غلطی
اِستِواء	برابری - وقت نیمروز	بکسر اول وثالث ہے - بضم اول وثالث غلط بولتے ہیں - اسی وزن پر ابتدا، اتباع وغیرہ ہیں جن کو عوام غلط استعمال کرتے ہیں۔
اَسرار	جمع سِر کی - بھید	بہ فتح اول ہے بکسر غلط ہے۔
اُسطُرلاب	آلہ جس سے بلندی آفتاب اور ستاروں کی معلوم کرتے ہیں۔	بہ ضم اول وثالث ہے - عوام بکسر اول و فتح ثالث غلط بولتے ہیں یہ لفظ بجائے سین مہملہ کے صاد مہملہ سے بھی صحیح ہے۔
اِسفندیار	نام بادشاہ جس کو رستم نے ہلاک کیا۔	بکسر اول وسوم و دال مہملہ موقوف بفتح فا غلط ہے
اُسقُف	واعظ نصاریٰ	بہ ضم اول وسکون ثانی و ضم قاف ہے - بفتح اول و فتح قاف غلط مستعمل ہے۔
اَسلِحہ	ہتھیار - جمع سلاح کی	بہ فتح اول و کسر ثالث ہے بفتح لام غلط مستعمل ہے - اسی وزن پر اطعمہ جمع طعام - امتعہ جمع متاع اور اقمشہ جمع قماش وغیرہ ہیں -
اَشرفی	سکہ زر مشہور	بفتح اول وسکون شین معجمہ و فتح رائے مہملہ ہے بہ فتح شین وسکون راء غلط ہے۔
اِصطبل	گھوڑوں کے باندھنے کا مکان	بکسر اول وسکون صاد و فتح طائے حطی وسکون بائے موحدہ ہے

الفاظ	معانی	کیفیت صحت و غلطی
		بفتح اول غلط ہے۔
اصفہان	شہر مشہور جو ایران میں ہے	بکسر اول و فتح فا ہے۔ بفتح اول غلط مستعمل ہے۔
اصلاً	در اصل۔ بالکل۔ ہرگز	بفتح اول ہے۔ بکسر غلط ہے۔
اعجوبہ	عجیب	بضم اول ہے۔ بکسر الف و بفتح عین مہملہ غلط مستعمل ہے
اعرابی	ایک عرب	بفتح اول ہے۔ بکسر غلط استعمال ہے۔
اعراف	مقام مابین بہشت و دوزخ	بفتح اول ہے۔ بکسر اول غلط مستعمل ہے۔
اعزّہ	عزیز کی جمع	اعزا آخر میں الف کے ساتھ غلط ہے۔
افشار	ظاہر کرنا	بکسر اول ہے بفتح غلط ہے۔
افعی	ایک قسم کا سانپ	بروزن اعمیٰ ہے۔ بکسر عین تفریس ہے۔
افق	کنارہ آسمان جو میدان صحرا میں دور سے دکھائی دے	بضمتین و بالضم و سکون ثانی۔ بہ فتح ثانی غلط مستعمل ہے۔
اقربا	جمع قریب۔ خویشاوند	بکسر رائے مہملہ ہے۔ بفتح را و ضم را غلط ہے۔
اقلیدس	نام حکیم	بضم اول وکسر لام وکسر دال ہے۔ بفتح لام و دال غلط ہے۔
اقلیم	ہفتمیں حصہ ربع مسکون یعنی زمین آباد	بکسر اول ہے بفتح اول غلط مستعمل ہے۔

الفاظ	معانی	کیفیت صحت و غلطی
اَکِلَہ	نام مرض	بہ فتح اول وکسر کاف ہے مع الف غلط مستعمل ہے۔
اَنگُوں	اب	بفتح اول ہے۔ بضم نہیں
اَلخَالُق	پوشاک جس کو زیر قبا پہنتے ہیں	بفتح اول وضم لام ودوم ہے۔ بفتح لام ودوم غلط مستعمل ہے۔
اُلُش	طعام پس ماندہ	بہ ضمتین ہے۔ بکسر لام غلط مستعمل ہے
اَلمَاس	ہیرا	بفتح اول ہے بکسر اول غلط مستعمل ہے۔
اِمَارَت	امیر ہونا حکومت کرنا	بکسر اول ہے۔ بفتح ثانی اس معنی میں غلط ہے اما بفتح اول بمعنی ہنگام وعدہ لسان ملامت ہے۔
اُمَم	آدمیوں کے گروہ جمع امت کی ہے۔	بضم اول وفتح میم اول ہے بضم میم اول غلط ہے۔
اِنَاث	مادہ۔ عورتیں جمع انثیٰ کی ہے	بکسر اول ہے۔ بضم اول غلط مستعمل ہے۔
اَنجُمَن	مجلس	بفتح اول وجیم مضموم ہے بہ جیم ساکن غلط ہے۔
اَندَرز	نصیحت	بہ فتح اول وسوم ہے بضم دال مہملہ غلط ہے۔
اَنگِشت	کوئلہ	بہ فتح اول وکاف فارسی مکسور ہے بہ کاف عربی غلط ہے۔
اِیرَج	نام پسر فریدوں	بکسر اول ویائے مجہول ہے بیائے معروف غلط مستعمل ہے
اِیزَد	نام حق تعالیٰ جل شانہ	بکسر اول وثالث ہے بفتح زائے معجمہ غلط مستعمل ہے۔

الفاظ	معانی	کیفیت صحت و غلطی
اِیوان	محل	بکسر اول ہے فارسی میں فتح سے مستعمل ہے۔

باب بائے موحدہ

الفاظ	معانی	کیفیت صحت و غلطی
بابُر	نام بادشاہ جو اکبر کا جد تھا	بضم بائے موحدہ ثانی ہے۔ بفتح غلط مشہور ہے۔
بادِنجان	ترکاری معروف بینگن	بذال معجمہ مکسور ہے۔ بدال مہملہ مفتوح غلط ہے۔
باربد	نام مطرب مرکب از بمعنی دخل اور بد بمعنی صاحب	بفتح ہے نہ بالضم۔ اسی طرح موبد سپہبد
بارِنگوش	شیرخ	بکاف فارسی ہے بکاف عربی غلط مستعمل ہے۔
باستان	کہنہ۔ قدیم	بہ بائے موحدہ ہے۔ بائے فارسی غلط مستعمل ہے۔
بِالمشافہہ	روبرو	بضم میم و فتح فا و فتح ہائے ہوز بعدہ ہائے ہوز دیگر ہے بکسر فا و بغیر ہائے ثانی غلط مستعمل ہے۔
ببر	شیر	بفتح اول و سکون ثانی ہے بفتحتین خطا ہے۔
بتول	لقب حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا	بفتح اول و ضم ثانی۔ بضم اول غلط مشہور ہے۔
بِخرد بِخردی	عقلمند عقلمندی	بکسر بائے موحدہ ہے۔ بضم غلط مستعمل ہے۔

الفاظ	معانی	کیفیت صحت و غلطی
بَداہت	بے اندیشہ و ناگاہ ہونا	بفتح اول ہے۔ بکسر غلط مستعمل ہے۔
بَدْو	ابتدا۔ آغاز	بفتح اول وسکون دال مہملہ ہے۔ بکسر اول اس معنی میں غلط ہے۔
بَراءت	پاک ہونا۔ بیزار ہونا۔	بروزن فراغت ہے۔ بروزن رحمت غلط مستعمل ہے۔
بَرادر	بھائی	بفتح اول۔ بکسر صحیح نہیں۔
بِراز	فضلہ۔ غائط	بکسر اول ہے۔ بفتح غلط ہے۔
بَرّاق	چمکدار	بفتح اول و تشدید رائے مہملہ ہے۔ بضم اول غلط ہے۔
بَراہین	دلائل۔ جمع برہان کی	بفتح اول ہے۔ بضم غلط مستعمل ہے۔
بَرخِیا	پدر آصف جو وزیر حضرت سلیمان (علیہ السلام) کے تھے	بفتح بائے موحدہ وکسر خا ہے بکسر بائے موحدہ غلط ہے۔
بُرد	چادر	بضم اول۔ بفتح اول بمعنی غلام ہے۔
بُردِ یمانی	چادر مخطط یمنی و گلیم سیاہ	بضم اول و فتح چہارم ہے۔ بفتح اول غلط مستعمل ہے۔
بَرزْگر	کاشت کار برز (زراعت) گر	بتقدیم رائے مہملہ بر زائے معجمہ ہے۔ برعکس یا ذال معجمہ کے ساتھ صحیح نہیں۔
بَرشکال	برسات	بسکون ثانی وتین موقوف وکاف عربی ہے۔ بکاف فارسی
بَرَکَت	زیادتی۔ بالیدگی	بفتح اول و ثانی و ثالث ہے۔ لیکن بسکون ثانی بھی درست ہے
بِرِنج	پیتل	بکسر اول و دوم ہے بفتح دوم اس معنی میں غلط ہے۔
بِروں	باہر۔ مقابل درون	بکسر اول مخفف بیرون کا ہے۔ بضم اول غلط مستعمل ہے۔

الفاظ	معانی	کیفیت صحت و غلطی
بَسَالَت	دلیری	بفتح اول ہے۔ بکسر غلط ہے۔
بِسطام	ایک مقام جس کی طرف حضرت بایزید بسطامی منسوب ہیں	بکسر بائے موحدہ ہے بالضم غلط مستعمل ہے۔
بَشَاشَت	تازہ روئی و کشادہ پیشانی کو شگفتگی	بفتح بائے موحدہ ہے بکسر غلط مستعمل ہے
بَشَرَہ	ظاہر پوست انسان۔ چہرہ	بفتح اول و ثانی و ثالث ہے۔ بضم اول و سکون ثانی غلط مستعمل ہے۔
بَصَارَت	بینائی چشم	بفتح اول ہے۔ بکسر اول غلط مستعمل ہے۔
بِضَاعَت	سرمایہ	بکسر اول۔ بفتح نہیں۔
بِعثَت	پیمبری	بکسر اول ہے بفتح اول صحیح نہیں۔
بَعث و نشر	قیامت	بعث بفتح اول ہے۔ بالکسر غلط ہے۔
بُغچہ	جامہ دان	غین کی بجائے قاف استعمال کرنا غلط ہے۔
بُقراط	نام حکیم مشہور	بفتح اول ہے۔ ضم اول غلط مستعمل ہے۔
بَکَارَت	دوشیزگی	بفتح اول ہے۔ بکسر اول غلط مستعمل ہے۔
بَکتَر	جامہ جو وقت جنگ پہنتے ہیں	بفتح اول ہے بکسر غلط مستعمل ہے۔
بَلخ	نام شہر مشہور	بفتح اول و سکون ثانی ہے۔ بفتح ثانی غلط مستعمل ہے۔
بَنَات	دختران جمع بنت کی	بفتح اول ہے۔ بکسر غلط مستعمل ہے۔
بُناگوش	نرمہ گوش	بضم اول ہے۔ بکسر اول غلط مستعمل ہے۔

الفاظ	معانی	کیفیت صحت و غلطی
بَنَاں	سرہائے انگشتاں یعنی پور	بفتح اول ہے۔ بضم اول غلط مستعمل ہے
بُنگاہ	مکان۔ جائے اسباب	بضم اول ہے بفتح اول غلط مستعمل ہے۔
بَول	پیشاب	بفتح اول ہے۔ بالضم غلط ہے۔
بہادُر	دلیر	بضم دال ہے۔ بفتح دال غلط ہے۔
بَہجت	خوشی۔ شادمانی	بفتح اول ہے۔ بضم غلط مستعمل ہے۔
بِہِل	معاف	بکسرتین۔ امر ہلیدن سے۔ بحل بکسر با و فتح حا غلط ہے۔
بُہلُول	مرد خندہ رو۔ پیشوائے قوم نام عارف مشہور	بضم اول و واو معروف ہے۔ بفتح اول و واو مجہول غلط مستعمل ہے۔
بِگم	زن عمدہ	بکسر کاف فارسی ہے بفتح کاف اس معنی میں غلط ہے اُس کے معنی اسیرِ نہیں یعنی میر امیر

باب بائے فارسی

الفاظ	معانی	کیفیت صحت و غلطی
پَاسُخ	جواب	بضم سین مہملہ ہے۔ بفتح غلط ہے۔
پِدَر	باپ	بکسر اول ہے بوزن پسر۔ بفتح اول غلط ہے۔

الفاظ	معانی	کیفیت صحت و غلطی
پدرام	خوش و خرم - آراستہ	بفتح اول ہے - بکسر غلط مستعمل ہے -
پدید - پدیدار - پدید آمد	ظاہر	بفتح اول ہے - بکسر غلط ہے -
پرچین	باڑھ کھیت کی - آڑ باغ کی جو خاردار درختوں کی شاخوں سے بناتے ہیں -	بفتح اول ہے - بضم غلط مستعمل ہے -
پرخاش	نزاع	بفتح اول ہے - بضم غلط ہے -
پرگار	لوہے کا قلم دو شاخہ جس سے دائرہ کھینچتے ہیں	بکاف فارسی ہے نہ بکاف عربی -
پروردگار	خالق	بسکون دال ہے - بکسر دال غلط ہے -
پزاوہ	بھٹی	عوام پجاوہ کہتے ہیں -
پژوہش	تلاش - قصد - کھوج	بفتح اول ہے - بکسر غلط مستعمل ہے -
پشّہ	مچھر	بفتح اول ہے - بکسر اول غلط مستعمل ہے -
پلاس	ٹاٹ - مکر و حیلہ	بفتح اول ہے - بکسر غلط ہے -
پلاؤ	طعام معروف	بفتح اول ہے - بضم غلط مستعمل ہے -
پنجاہ	پچاس	بفتح اول ہے - بکسر غلط مستعمل ہے -
پنجرہ	پرندوں کا گھر جو جھجر جالیدار ہو	بفتح اول ہے - بکسر اول غلط ہے -

الفاظ	معانی	کیفیت صحت و غلطی
پوسیدہ	کہنہ	بہائے فارسی ہے۔ بہائے عربی غلط ہے۔
پیرایہ	آرائش	بیائے مجہول۔ بروزن سرمایہ۔ بفتح بائے فارسی غلط ہے۔

باب تائے فوقانی

الفاظ	معانی	کیفیت صحت و غلطی
تارک	سر کے بالوں کی مانگ مجازاً سر	بفتح رائے مہملہ ہے۔ بضم غلط مستعمل ہے۔
تپیدن	تڑپنا	غلطی سے لوگ طا سے لکھتے ہیں حالانکہ طا حروف مخصوصہ عربی سے ہے۔
تجار	سوداگران۔ جمع تاجر کی	بضم اول و تشدید جیم ہے۔ بفتح اول غلط استعمال ہے۔
تحت الثریٰ	زیر زمین	ثریٰ بمعنی خاک نمناک۔ بفتح اول و ثانی ہے۔ بضم اول غلط ہے۔
تحیہ / تحیت	سلام و دعا دینا	بفتح اول وکسر حائے حطی وفتح یائے تحتانی مشددہ ہے۔ بفتح حائے حطی غلط مستعمل ہے۔
تخمہ	بیضہ	بجائے خا کاف استعمال کرنا غلط ہے
تذرو	مرغ صحرائی [illegible] سیہ مائل	بفتح اول و فتح دال عجمی ہے۔ [illegible] غلط مشہور ہے۔

الفاظ	معانی	کیفیت صحت و غلطی
تَرجَمہ	بزبان دیگر مطالب بیان کرنا	بفتح اول و سکون ثانی و فتح جیم ہے۔ بضم جیم غلط ہے
تَرِکہ	مال متروکہ مردہ	بفتح اول و کسر ثانی ہے اس معنی میں بسکون ثانی غلط مستعمل ہے۔
تُرُنج	لیمو	بضمتین ہے۔ بفتح رائے مہملہ غلط ہے۔
تُرَّہات	سخن ہائے باطل	بضم اول و رائے مہملہ مشدد ہے بکسر اول و تخفیف را غلط ہے
تَعَب	تکلیف	بفتحتین ہے بسکون عین غلط ہے۔
تَعداد	شمار کرنا گننا	بفتح اول ہے بکسر غلط مستعمل ہے۔ اس وزن کے تمام مصادر (بجز تلقاء و تبیان) بفتح اول آئے ہیں مثلاً تذکار، تکرار، تمثال وغیرہ۔
تَف	بخار۔ گرمی۔ روشنی۔ پرتو	بفتح اول ہے بضم بمعنی مذکور غلط ہے۔ بضم بمعنی آب دہن ہے۔
تَفتَہ	گرم	بفتح تائے ثانی ہے۔ بالضم غلط ہے۔
تَفرِقہ	جدا ہونا	بروزن تذکرہ ہے۔ عوام بفتحتین و سکون را بولتے ہیں۔
تُکلان	اعتماد، توکل	بضم اول، بفتح غلط مستعمل ہے۔
تَمَرُّد	سرکشی کرنا	بروزن تجدد ہے۔ جہلا تمردی۔ بفتح اول و ضم ثانی و سکون ثالث و دال یا دستیا کہتے ہیں۔
تَمغا	مہر۔ فرمان شاہی	بفتح اول و سکون ثانی و غین معجمہ درست ہے۔ بتقدیم غین بر میم غلط ہے

کیفیت صحت و غلطی	معانی	الفاظ
تغا غلط مستعمل ہو۔ اسی طرح نسخہ کو نخسہ کہنا جہالت ہو۔		
بہ دو یائے تحتانی بروزن تفعیل ہو فارسی میں ایک یا کی تخفیف کے ساتھ بروزن عزیز استعمال کرتے ہیں۔	جدا کرنا	تمییز
بروزن تغافل ہو۔ فتحہ رائے مہجمہ غلط ہو۔	جھگڑا کرنا	تنازع
اسکو عوام تنبا کہتے ہیں بفتح اول و حذف نون آخر۔	پاجامہ	تُنبان
بہ ضمتین ہو۔ بفتح تانی غلط استعمال ہو۔	باریک۔ اندک	تُنُک
بروزن تقابل۔ بضم ضاد صحیح ہو۔ بکسر ضاد غلط العوام ہو۔	عاجزی کرنا	تواضع
بضم اول ہو بفتح تائے فوقانی غلط مستعمل ہو اسیطرح توانا۔ توانائی۔ توانستن۔ توانگر بھی بضم اول ہیں	زور۔ قوت	تُوان
بفتح اول ہو بضم غلط بولتے ہیں۔	گناہ سے باز آنا۔	توبہ
بہ طائے مہملہ غلط مستعمل ہو۔	سُرمہ	توتیا
بروزن تصرف ہو۔ جیم کو مکسور استعمال کرنا غلط	کسی کی طرف رخ کرنا	توجہ
بضم اول و ثالث ہو بمعنی معاملہ کو ظاہر کرنا یا زائے معجمہ کو مفتوح پڑھنا غلط ہو۔	شان و شوکت	تُزُک
بضم اول و واو مجہول و شین و کاف بر دو موقوف بفتح شین غلط ہو۔	فرش	توشک

الفاظ	معانی	کیفیت صحت و غلطی
تَہَیَّہ	آمادگی	بفتح اول و کسر ہائے ہوز و فتح تحتانی مشدد ہے۔ بفتح ہائے ہوز غلط ہے۔
تَیَّار	رواں۔ جہندہ	اس معنی میں طیار استعمال کرنا غلط ہے۔ جس کے معنی ہیں بہت اڑنے والا۔

باب ثائے مثلثہ

الفاظ	معانی	کیفیت صحت و غلطی
ثُعبان	اژدہا	بضم اول ہے۔ بفتح اول غلط مستعمل ہے۔
ثِقَات	مردمان معتمد۔ جمع ثقہ کی جو بکسر اول و فتح ثانی ہے	بکسر اول ہے۔ بضم غلط مستعمل ہے۔
ثَقَالت	گرانی بوجھ	بفتح اول ہے۔ بکسر غلط مستعمل ہے۔
ثَقَلَین	دو گروہ انس و جن کے	بفتح اول و دوم و سوم ہے۔ بسکون قاف غلط مستعمل ہے۔
ثَمَرَہ	پھل	بفتحات ثلثہ ہے۔ بسکون میم صحیح نہیں

باب جیم عربی

الفاظ	معانی	کیفیت صحت و غلطی
جاجم	فرش رنگین	بکسر جیم دوم ہے بفتح غلط مستعمل
جادّہ	شارع عام	دال مشدد ہے۔ اہل فارس بتخفیف استعمال کرتے ہیں۔
جاموس	بھینسا۔ ارنا۔ معرب گاؤمیش کا	آخر میں سین مہملہ ہے۔
جاوید	ہمیشہ	بکسر واؤ و یائے تحتانی مجہول ہے۔ بفتح واؤ غلط ہے
جبل	کوہ۔ پہاڑ	بفتح اول و دوم ہے۔ بکسر اول غلط مستعمل ہے۔
جبلّی	خلقی۔ طبعی پیدائشی	بکسرتین و تشدید لام ہے بفتحتین ملاثت بے لام منسوب جبل یعنی کوہ۔
جبین	پیشانی	بفتح اول ہے بکسر غلط مستعمل ہے۔
جِدّ	کوشش	بکسر جیم و تشدید دال۔ بفتح غلط ہے۔ جد بفتح جیم بمعنی دادا نانا۔ نصیب۔ بزرگی۔ دریا کا کنارہ وغیرہ ہے۔
جدال	لڑائی۔ جنگ	بفتحتین ہے بکسر اول غلط ہے۔
جدوار	ایک جڑی بوٹی مشہور	بفتح اول ہے بکسر غلط مستعمل ہے۔
جدول	نہر۔ مجازاً جدول سطر وغیرہ جو ہر صفحہ کے کھینچتے ہیں۔	بفتح جیم ہے۔ بکسر میم غلط مستعمل ہے۔
جُدّہ	نام مقام بر ساحل عرب	بضم اول و دال مشدد ہے۔ عوام بفتح اول بولتے ہیں

الفاظ	معانی	کیفیت صحت و غلطی
جِراحت	زخم	بکسر جیم ہے۔ بفتح غلط ہے۔
جَرح	اعتراض کرنا۔	بالفتح ہے۔ بکسر غلط ہے۔
جِرعہ	وہ رقم جو اک دم سے پیا جائے	بکسر اول و سکون ثانی و فتح ثالث ہے بفتح اول غلط۔
جَعد	موئے پیچیدہ سر، چوٹی	بفتح جیم ہے۔ بضم غلط مستعمل ہے۔
جَعفر	نام برادر عم زاد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم	بفتح اول و ثالث ہے بکسر غلط مستعمل ہے۔
جَلا	وطن چھوڑنا یا چھڑانا	بفتح اول ہے۔ بکسر اس معنی میں غلط مستعمل بکسر معنی سرمہ و زنگ صاف کرنا۔
جِلباب	چادر	بکسر جیم ہے۔ بفتح غلط مستعمل ہے۔
جَلوت یا جَلوۃ	ظاہر کرنا۔ نمودار ہونا ضد خلوت	بفتح جیم ہے۔ بکسر غلط ہے جہلا اس کو بگاڑ کر جلوہ کہتے ہیں
جُمادی الاُولیٰ جُمادی الآخرہ	عربی مہینے	بضم جیم و فتح دال بحرف الف مقصورہ تلفظ کہ جمادی میں صورۃ یا ہے اور علامت تانیث ہے اس کی مطابقت کے واسطے اولیٰ اور آخرہ چاہیے۔ کہ اول و آخر۔ اور جمادی الثانی بھی صحیح نہیں کیونکہ ثانی کا اطلاق جب صحیح ہوتا کہ ثالث بھی ہوتا پس جمادی الاول۔ جمادی الثانی یا جمادی الآخر جو کہ استعمال ہوتے ہیں غلط ہیں اور بفتح جیم صحیح نہیں
جَسارۃ	[illegible]	[illegible] تحکم بھی مادہ [illegible] استعمال کرتے ہیں در اصل صیغہ [illegible]

الفاظ	معانی	کیفیت صحت و غلطی
جُمُعَہ	روز معروف	بضمتین ہے۔ بسکون میم صحیح نہیں۔
جُمَّل	حساب ابجد	بضم اول وفتح ثانی۔ فتح اول اس معنی میں غلط ہے میم مشدد بھی آیا ہے۔
جُمہُور	گروہ	بضم جیم ہے۔ بفتح جیسا کہ مستعمل ہے غلط ہے کیونکہ ہر اسم عربی جو اس وزن پر ہوگا بضم اول ہوگا۔ جیسے دستور۔ زنبور عصفور۔ صندوق وغیرہ۔
جَناح	پر۔ بازو	بفتح جیم ہے۔ بضم اس معنی میں غلط استعمال ہے۔
جَنُوب	طرف دست راست اس کی جو شرق رو ہو یعنی دکھن۔ اور ہوا جو دکھن سے چلے	بفتح جیم ہے۔ بضم جیم غلط مستعمل ہے۔
جَواد	بہت بخشش کرنے والا نام حق تعالی جس شاہ جواد کا مفہوم کامل آتا ہے اسی سے	بفتح اول وتخفیف واؤ ہے بتشدید واؤ غلط مستعمل ہے۔
جُوار	ہمسایگی	بضم وبکسر جیم دونوں طرح صحیح ہے بفتح جیم غلط مستعمل ہے۔
جُوارِش	دوائے مرکب جو خوش مزہ حلاوت معجون جس میں خوش مزہ ہونے کی قید نہیں	بضم اول وکسر رائے مہملہ ہے۔ بفتح جیم غلط مستعمل ہے۔

الفاظ	معانی	کیفیت صحت و غلطی
جواہر، جواہرات	معروف جمع جوہر کی	بکسر ہا ہے۔ بفتح ہا غلط ہے۔
جُودت	عمدگی و خوبی	بفتح اول ہے۔ بضم اول اس معنی میں غلط ہے۔
جُورب	موزہ	جراب بروزن عناب غلط ہے۔
جَہالت	نادانی	بفتح جیم ہے۔ بکسر غلط مستعمل ہے۔
جُہد	کوشش	بضم جیم و نیز بفتح جیم صحیح ہے۔ بکسر جیم غلط مستعمل ہے۔
جَہر	ظاہر کرنا بآواز پڑھنا	بفتح جیم ہے۔ بکسر غلط مستعمل ہے۔
جَہل	نادانی	بفتح جیم ہے۔ بکسر غلط ہے۔
جَہنّم	نام دوزخ	بفتح نون مشددہ ہے۔ بضم نون غلط مستعمل ہے۔
جَہول	بہت نادان	بفتح جیم ہے۔ بضم جیم غلط مشہور ہے۔
جَہیز	رخت عروس و مسافر و کس مردہ	بفتح اول و کسر ثانی ہے بکسر تین بھی آیا ہے۔ جہلا جہیز کہتے ہیں۔
جَیب	گریبان۔ مجازاً کیسہ جو کہ زیر گریباں سیتے ہیں یا کیسہ امن	بفتح جیم ہے۔ بکسر غلط مستعمل ہے۔

باب جیم فارسی

الفاظ	معانی	کیفیت صحت و غلطی
چپقلش	جنگ	بفتح اول و سکون [illegible]

الفاظ	معانی	کیفیت صحت و غلطی
چُغد	بوم	بضم اول و سکون ثانی ہے۔ بفتح ثانی خطا ہے۔
چُغُل	غمّازہ	بضمتین ہے۔ بفتح ثانی غلط بولتے ہیں۔
چِق	پردہ	بکسر اول ہے۔ چاک غلط ہے۔
چِکاں	ٹپکنے والا	بکسر اول۔ بفتح غلط ہے۔
چِکِن	جامۂ منقوش	بکسرتین ہے۔ بفتح کاف غلط ہے۔
چَلَپچی	طشت	بفتحتین و سکون بائے فارسی ہے۔ پا کے عوض میم سے پڑھنا غلط ہے۔ اسی طرح بکسر اول بھی غلط ہے۔
چُمچُہ	قاشق	بضم اول ہے۔ بفتح غلط ہے۔
چِنار	درخت ہے جس کے برگ پنجۂ انسان کی شکل ہوتے ہیں	بفتح اول ہے۔ بکسر اول غلط ہے۔
چَنگُل	پنجہ انسان وغیرہ	بفتح اول و ضم کاف فارسی ہے۔ بضم اول غلط مستعمل ہے۔
چِنگیز خاں	نام بادشاہ	بکسر اول ہے۔ بفتح غلط مستعمل ہے۔

باب حائے حطی

حاتِم	نام مرد سخی مشہور	بکسر تائے فوقانی بفتح صحیح نہیں ہے۔

الفاظ	معانی	کیفیت صحت و غلطی
حَاجَت	خواہش۔ ضرورت	بفتح حرف سوم ہے۔ بکسر غلط مستعمل ہے۔
حَبَشی	منسوب بہ حبش	بفتحتین ہے۔ بسکون ثانی غلط ہے۔
حَجَلَہ	جگہ جو عروس کے واسطے آراستہ کیجائے۔ چھپر کھٹ	بفتح اول و ثانی و ثالث ہے مگر استعمال فارسیاں میں بسکون جیم ہے۔ بضم اول غلط مستعمل ہے۔
حَجم	جسامت۔ موٹائی	بفتح اول ہے۔ بضم غلط مستعمل ہے۔
حُدَاء	سرود شتربانانِ عرب	بضم اول و فتح دال بن ہ الف مم دودہ۔ بکسر دال و یائے معروف غلط مستعمل ہے۔
حَدَاثَت	تازگی۔ نیا ہونا	بفتح اول ہے۔ بکسر غلط ہے۔ مگر جو مصادر اس وزن پر ہیں اور اُن کے معانی میں صنعت کا تعلق ہوتا ہے مثلاً خیاطت، حجامت، دِباغت وغیرہ وہ بکسر اول ہوتے ہیں۔
حَرَج	تنگی۔ سختی۔ گناہ	بفتحتین ہے اور بکسر اول بھی آیا ہے۔ اکثر اس معنی میں ہرج بہائے ہوز و سکون رائے مہملہ غلط استعمال کرتے ہیں جس کے معنی فتنہ و فساد کے ہیں۔
حِرفَت	پیشہ	بکسر اول ہے۔ بفتح اول صحیح نہیں۔
حُرقَت	سوزش۔ گرمی	بضم اول ہے بکسر غلط مستعمل ہے۔ بفتح اول بھی آیا ہے۔
حَرَکَت	جنبش	بفتح اول و دوم و سوم ہے۔ بسکون دوم غلط مستعمل ہے۔ اسی وزن پر برکت۔ خجلت۔ شفقت۔ عظمت وغیرہ ہیں مگر اہل فارس

الفاظ	معانی	کیفیت صحت و غلطی
		اکثر بسکون ثانی استعمال کرتے ہیں۔
حَزْم	ہوشیاری۔ استواری	بفتح اول ہے۔ بالضم یا بالکسر غلط ہے۔
حُسَام	تلوار	بضم اول ہے بکسر غلط مستعمل ہے۔
حَسُود	حسد کرنے والا	بفتح اول ہے بضم اول اس معنی میں غلط ہے حسود بالضم حاسد کی جمع ہے۔
حِشْمت	شرم و انقباض و مجازاً دبدبہ	بکسر اول ہے۔ بفتح اس معنی میں غلط ہے حَشَمت بفتح اول و دوم و نیز بفتح اول و سکون دوم بمعنی تابعان و خدمتگاران کے
حِصَص	حصّے۔ جمع حصہ کی	بکسر اول ہے۔ بفتح اس معنی میں غلط ہے حصص بفتح حائے حطی سر کے بالوں کا کم ہونا ہے۔
حِصن حَصِین	قلعہ استوار و نام کتاب حدیث	حائے اول مکسور اور ثانی مفتوح ہے۔ ثانی کو مکسور پڑھنا غلطی ہے۔
حَقَارت	خواری۔ ذلیل سمجھنا	بفتح اول ہے۔ بکسر غلط مستعمل ہے۔
حِکّہ	کھجلی	بکسر اول و تشدید کاف ہے۔ بفتح اول غلط مستعمل ہے۔
حُلّان	بچہ گوسفند	بضم اول و تشدید لام۔ عوام حلوان بفتح کہتے ہیں۔
حَلْق	نائے گلو	بفتح اول و سکون ثانی ہے فتح ثانی غلط ہے۔
حُلقوم	گلا۔ نرخرہ	بضم اول ہے۔ بفتح غلط ہے
حِلیہ	صورت۔ صفت کسی چیز کی خلقت	بکسر اول ہے۔ بضم اس معنی میں غلط ہے۔ بضم بمعنی زیور ہے

کیفیت صحت و غلطی	معانی	الفاظ
بفتح اول وکسر ہمزہ۔ بکسر اول غلط مستعمل ہے۔	دوال شمشیر۔ اور جو چیز کہ بغل میں لٹکائیں۔ مجازاً قرآن شریف کو جیکا جمع حمالہ کی	حَمَائل
بفتح اول ہے۔ بکسر غلط ہے۔	بے عقلی	حَمَاقت
بفتح اول ہے۔ بضم غلط مستعمل ہے۔	عورت سرخ رنگ نیز ہر شے مونث جسکا رنگ سرخ ہو	حَمرا
بضمتین ہے۔ بفتح میم غلط مستعمل ہے۔ بضم اول و سکون ثانی بھی آتا ہے۔	نادانی۔ بے عقلی	حُمُق
بسکون میم ہے۔ بفتح میم خطا ہے۔	بار شکم	حَمل
بکسر اول ہے بفتح اول غلط ہے۔	اندرائن کا پھل	حِنظل
بفتح اول ہے۔ بضم غلط مستعمل ہے۔	خوشبو جو مردہ کے جسم پر ملتے ہیں	حَنُوط

باب خائے معجمہ

بروزن حاکم ہے۔ بمعنی انگشتری۔ تائے فوقانی کے پیچ دونوں کے ساتھ آتا ہے۔	ختم کرنے والا	خَاتَم

الفاظ	معانی	کیفیت صحت وغلطی
خاوند	خداوند۔ صاحب	بفتح واؤ ہے۔ بکسر غلط مستعمل ہے۔
خجستہ	مبارک	بضم اول و فتح جیم و سکون سین مہملہ ہے بکسر جیم غلط ہے۔
خجل	شرمندہ	بفتح اول و کسر ثانی ہے۔ بفتح ثانی غلط مستعمل ہے۔
خجالت	شرمندہ ہونا	بفتح اول و دوم و سوم ہے۔ بکسر خا و سکون جیم غلط مستعمل ہے مگر فارسی والے بفتح اول و سکون جیم استعمال کرتے ہیں اہل فارس نے خجالت بھی لکھا ہے مگر دراصل تصرف ہے۔
خدیجہ	نام زوجہ مطہرہ رسول مقبول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم	بر وزن کریمہ ہے۔ بر وزن نہ بیدہ غلط مستعمل ہے۔
خدیو	خداوند۔ بادشاہ	بضم اول و کسر دال ہے۔ نیز بکسر تین صحیح ہے۔ بفتح اول غلط مستعمل ہے۔
خذلان	بے نصیب ہونا۔ باز رہنا	بکسر و سکون ذال معجمہ ہے۔ بضم اول غلط مستعمل ہے۔
خراج	محصول زمین	بفتح اول ہے۔ بکسر غلط ہے لیکن فارسی والے جو مصدر کہ بروزن فعال بفتح اول ہوتا ہے اُس کو بکسر اول استعمال کرتے ہیں مثلاً وقار۔ ومار۔ وداع۔ رواج حالانکہ یہ سب بفتح اول ہیں علیٰ ہذا القیاس تائے مفاعلۃ کو آخر سے حذف کرتے ہیں جیسے مدارا۔ مواسا۔ محاکا کہ دراصل مدارات۔ مواسات محاکات تھے اسی طرح الفاظ مضموم الفاء کو مفتوح پڑھتے ہیں

کیفیت صحت و غلطی	معانی	الفاظ
مثلاً صن۔ وق۔ زنبور۔ دستور وغیرہ کو لیکن انکو بفتح اول غلط نہ سمجھنا چاہیے یہ از قسم تقریبی ہے۔		
بروزن حجام ہے۔ عوام خرادی کہتے ہیں۔	چوب تراش	خَرّاط
بضم اول ہے۔ بفتح غلط ہے۔	بینی فیل۔ سونڈ ہاتھی کی	خُرطُوم
بکسر اول ہے۔ بفتح غلط ہے۔	جامہ کہنہ۔ گدڑی	خِرقَہ
بفتح اول ہے کیونکہ خر بمعنی کلاں اور من بمعنی تودہ ہے بکسر اول غلط ہے۔	تودہ کلاں	خَرمَن
بضم اول و دوم و واو معروف ہے۔ بفتح اول غلط مستعمل ہے	مرغ خانگی	خُرُوس
بضم اول و دوم و واو مجہول ہے۔ بفتح اول غلط مستعمل ہے	شور و غوغا	خُرُوش
بفتح اول ہے۔ بکسر غلط مستعمل ہے۔	معنی معروف۔ موسم سرد	خَزاں
بکسر اول ہے بفتح اول غلط ہے۔ البتہ خزینہ بفتح اول ہے کسی ادیب نے لکھا ہے۔ الخزانۃ لاتفتح۔	گنجینہ۔ مالخانہ	خِزانہ
بفتح اول ہے۔ بکسر غلط مستعمل ہے۔	ہلاکی۔ زیاں۔ گمراہی	خَسارہ
بفتح اول ہے۔ بکسر غلط ہے۔	بخل۔ کنجوسی۔ فرومائگی	خَساست
بفتح اول بروزن رواست ہے۔ بکسر اول غلط ہے۔	خوف	خَشیت
بکسر اول وسکون ثانی ہے نیز بفتح اول وکسر ثانی صحیح ہے بکسر اول وفتح ثانی غلط ہے۔	نام پیغمبر علیہ السلام	خِضر

الفاظ	معانی	کیفیت صحت و غلطی
خِطّہ	حصہ و پارہ زمین	بکسر اول و تشدید ثانی ہے بفتح اول غلط مستعمل ہے
خَفاء	پوشیدگی۔ پنہانی	بفتح اول و دوم ہے۔ بکسر اول غلط مستعمل ہے۔ خِفا بکسر اول بمعنی پوشش ہے۔
خُفّاش	طائر معروف۔ شپرہ چمگادڑ	بضم اول و تشدید فا ہے۔ بفتح اول غلط مستعمل ہے۔
خَفَہ	گلو فشردہ۔ مجازاً ناراض	ہا کے بجائے الف سے لکھنا غلطی ہے۔
خِلعت	جامہ جو بطور انعام دیتے ہیں	بکسر اول ہے۔ بفتح اول غلط مستعمل ہے۔
خِلقت	پیدائش۔ پیدا کرنا	بکسر اول ہے۔ بفتح اول غلط مستعمل ہے۔
خَلوت	جائے خالی۔ ضد جلوت	بفتح اول ہے۔ بکسر غلط مستعمل ہے۔
خَمّار	شراب ساز و شراب فروش	بفتح اول و تشدید میم۔ بضم اول غلط مستعمل ہے۔
خَمیازہ	انگڑائی	بفتح اول ہے بضم غلط ہے۔
خُنُک	سرد ٹھنڈا	بضم اول و دوم ہے۔ بفتح دوم غلط مستعمل ہے۔
خِنگ	سپید۔ و اسپ سپید مائل بہ سبزی و سیاہی	بکسر اول و کاف فارسی۔ بفتح اول غلط ہے۔
خُود	کلاہ آہنی جو وقت جنگ استعمال کرتے ہیں	بہ واؤ معروف بر وزن زود ہے۔ بہ واؤ مجہول غلط ہے
خَود	بمعنی آپ	بجائے معجمہ مفتوح و واؤ معدولہ و سکون دال مہملہ زد و بد کا ہم قافیہ ہے۔ بضم اول غلط ہے۔

الفاظ		کیفیت صحت و غلطی
خود رَو	بغیر بوئے خود اُگے	رائے مہملہ کو پیش ہے فتح غلط ہے۔
خَوش	شاد	بفتح خائے معجمہ ہے۔ نہ بضم۔ ہمقافیہ غش و سرکش۔
خُوگِر	عادی۔ مخفف خوگیر	بکسر کاف فارسی ہے بفتح غلط مستعمل ہے۔
خَیال	پندار	بفتح اول ہے نہ بکسر جیسا کہ مشہور ہے۔
خَیر و صَلاح	بھلائی اور بہتری	عوام خیر صلا کہتے ہیں۔
خَیرِیَّت	بہتری	بتشدید یائے ثانی ہے بتخفیف خطا ہے۔
خَیمہ	ڈیرہ	بفتح خا ہے۔ بکسر خا غلط مستعمل ہے کیونکہ یہ لفظ عربی ہے اور یائے مجہول عربی میں سوائے امالہ کے نہیں آتی

باب دال مہملہ

دِجلَہ	دریا جو بغداد کے نیچے بہتا ہے مجازاً ہر دریا	بکسر دال مہملہ ہے۔
دَرا	گھنٹہ۔ جرس	بفتح دال مہملہ ہے بکسر غلط مستعمل ہے۔
دَرَجَہ	مرتبہ۔ پایہ	بفتح اول و دوم و سوم ہے۔ لیکن دوم غلط مستعمل ہے۔

کیفیت صحت و غلطی	معانی	الفاظ
بضم اول و دوم ہے۔ بفتح دوم غلط مستعمل ہے۔	روشن۔ لرزاں	دُرُخشاں
بضم اول و فتح دوم ہے۔ بضم دوم غلط مستعمل ہے	جمع دُر کی۔ مروارید	دُرَر
بفتح دال و فتح رائے مہملہ ہے۔ بضم اول و دوم غلط مستعمل ہے	سُتالی جس سے چمڑہ میں سوراخ کرتے ہیں۔	دَرَفش
بفتح اول و دوم ہے۔ بضم اول غلط مستعمل ہے۔	روشن	دَرَفشاں
بضم اول و دوم ہے۔ بفتح اول غلط مستعمل ہے۔	رحمت حق تعالی	دُرُود
بضم اول و دوم و واؤ معروف ہے۔ بفتح اول و واؤ مجہول غلط مستعمل ہے۔	بڑھئی۔ نجّار	دُرُودگر
بضم اول ہے بفتح غلط مستعمل ہے۔	جھوٹھ۔ بہتان	دُرُوغ
بفتح اول و ضم دوم ہے۔ بضم اول غلط مستعمل ہے۔	اندر۔ درمیان	دَرُوں
بفتح اول بضم اول غلط ہے۔	فقیر	دَرویش
بکسر اول ہے۔ بضم غلط مشہور ہے۔	کوڑا	دِرّہ
بکسر اول و دوم ہے۔ بفتح اول و کسر ثانی غلط مستعمل ہے۔	افسوس	دِرِیغ
دسترخواں غلط ہے۔	مائدہ	دستارخوان
بضم اول ہے۔ بفتح یا بکسر اول غلط ہے۔	گالی	دُشنام
بضم اول و تشدید کاف ہے نیز بتخفیف کاف صحیح ہے۔ دوکان بزیادت واؤ غلط مستعمل ہے۔	معنی معروف	دُکّان

الفاظ	معانی	کیفیت صحت و غلطی
دَمار	ہلاک	بفتح اول ہے مگر فارسی والے بکسر اول بمعنی دماغ جو استعمال کرتے ہیں وہ کسی لغت میں مذکور نہیں۔
دِمشق	نام شہر مشہور	بکسر اول و دوم ہے۔ بکسر اول و فتح دوم بھی صحیح ہے بفتح اول غلط ہے۔
دَوات	ظرف سیاہی کتابت	داوات بزیادت الف غلط ہے عربی لفظ ہے۔ فارسی میں آمہ بروزن خامہ کہتے ہیں۔
دواوین	دیوان کی جمع	جُہلا دوائین کہتے ہیں۔
دُوُم	دوسرا	بضمتین ہے۔ دوم بسکون ثانی یا دوئم بزیادت یا غلط ہے اسی طرح سوم بکسر اول وضم ثانی صحیح ہے۔ سوم بضم اول وسکون ثانی یا سوئم صحیح نہیں۔
دِہِش	سخاوت	بکسر اول و ثانی ہے۔ بفتح ثانی غلط مستعمل ہے۔
دِہقان	گنوار کسان	بکسر اول ہے۔ بالفتح غلط ہے۔
دُہُل	ڈھول	بضم اول و دوم ہے بفتح ثانی غلط مستعمل ہے۔
دِیار	خانہ۔ مجازاً ملک۔ دار کی جمع ہے	بکسر اول ہے۔ بفتح اول غلط مستعمل ہے۔

باب ذال معجمہ

الفاظ	معانی	کیفیت صحت و غلطی
ذَبْح	گلا کاٹنا	بفتح اول ہے بکسر اول اس معنی میں صحیح نہیں۔ ذِبح بالکسر کے معنی ہیں گلا کٹا ہوا جانور۔
ذَرْع	ہاتھ کے گز سے ناپنا	بفتح ذال معجمہ ہے۔ گز کے معنی ہیں ذِرع با۔ال مہملہ مکسور غلط مستعمل ہے اُس کے معنی زرہ کے ہیں جو وقت جنگ پہنتے ہیں۔
ذُوالفَقَار	نام حضرت علی (کرم اللہ وجہہ) کی تلوار کا ہے	بفتح فا ہے۔ بکسر فا غلط مستعمل ہے۔
ذَہاب	جانا	بفتح اول ہے۔ بکسر غلط مستعمل ہے۔

باب رائے مہملہ

الفاظ	معانی	کیفیت صحت و غلطی
رَبَاب	نام سازِ معروف	بفتح اول ہے۔ لیکن برہان میں بضم اول لکھا ہے
رِبَاط	حفاظت سرحد۔ مسافرخانہ	بکسر اول ہے۔ بالضم غلط مستعمل ہے۔
رُبُودَن	زبردستی اور جلدی کسی چیز کو لیجانا	بضمتین ہے۔ بفتح اول غلط مستعمل ہے۔
رَجَاء	اُمید	بفتح اول ہے بکسر اول غلط مستعمل ہے۔

الفاظ	معانی	کیفیت صحت و غلطی
رَجَبْ	نام ماہ	بفتحتین ہے۔ جہلا تنت۔ یہ جیم کہتے ہیں۔
رَجْعَتْ	لوٹنا۔ بازگشت	بفتح اول صراح و منتخب میں اور بضم لطایف میں ہے۔ بکسر اول غلط مستعمل ہے۔
رَحْلْ	اسباب۔ مسکن اور معنی دو تختہ چوب جس پر قرآن مجید رکھکر تلاوت کرتے ہیں۔	بفتح اول ہے بکسر اول غلط مستعمل ہے۔
رُخْشَاںْ	روشن	بضم اول ہے۔ بفتح اول غلط ہے۔
رِدار	چادر	بکسر راہے۔ بفتح غلط ہے۔
رَدِی	فاسد۔ بد۔ ضد خوب	بفتح اول و کسر ثانی ہے تشدید یہ دال مہملہ غلط مستعمل ہے
رَذالت	ناکسی۔ فرومایگی	بفتح اول ہے۔ بکسر اول غلط ہے۔
رَزْ	انگور	بفتح اول ہے۔ بکسر اول غلط ہے۔
رَسْتاخیز	قیامت	بفتح رائے مہملہ ہے۔ بضم غلط مستعمل ہے۔
رَسْتَن	رہا ہونا	بفتح رائے مہملہ ہے۔ اس معنی میں بضم رائے مہملہ غلط ہے بضم را بمعنی اُگنا درخت کا ہے اسی طرح رستگاری بھی بفتح را چاہیے۔
رستہ	راہ۔ صف	راستہ بزیادت۔ لف غلط ہے۔
رَشاد رَشادتنا	راہ راست پر آنا راہ راست پر ہونا	ہر دو الفاظ بفتح اول ہیں بکسر اول غلط مستعمل ہیں۔

الفاظ	معانی	کیفیت صحت و غلطی
رَشْح	پانی ٹپکنا	بفتح اول ہے۔ بضم اول غلط مستعمل ہے۔
رِضا	خوشنودی اور صوفیوں کی اصطلاح میں مرضی خدا پر راضی ہونا۔	بکسر اول ہے۔ بفتح اول غلط مستعمل ہے۔
رَعایا	جمع رعیت کی	بفتح اول ہے بکسر غلط مستعمل ہے۔ کیونکہ اس وزن کی کوئی جمع بکسر اول نہیں دیکھی گئی ہے۔
رُعُونَت	خود آرائی	بضم اول و دوم ہے۔ بفتح اول غلط مستعمل ہے۔
رَفاقت	ہمراہی	بفتح اول ہے۔ بکسر اول غلط ہے۔
رِفعت	بلندی	بکسر اول ہے۔ بفتح اول غلط ہے۔
رَقابت	نگہبانی۔ انتظار	بفتح اول ہے۔ بکسر غلط ہے۔
رِکاب	حلقۂ آہنی جو زین سواری پر باندھتے ہیں	بکسر اول ہے۔ بفتح غلط مستعمل ہے۔
رِکابی	طشتچہ۔ پیالہ شراب	بکسر اول ہے۔ بفتح غلط مستعمل ہے۔
رَمَضان	نام ماہ	بفتحات ثلثہ ہے۔ سکون میم خطا ہے۔
رَمْل	نام علم مشہور	بفتح اول و سکون ثانی ہے۔
رَنگریز	رنگنے والے	عوام رنگریز کہتے ہیں۔
رَواج	دستور	بفتح اول ہے۔ بالکسر غلط رواج ہے۔

کیفیت صحت و غلطی	معانی	الفاظ
بکسر اول ہے۔ بفتح غلط مستعمل ہے نیز بضم اول آیا ہے	چھجہ مکان کا	رِوَاق
بفتح اول ہے۔ بضم اول بمعنی روح و جان غلط مستعمل ہے۔	جاری۔ روح۔ جان	رَوَان
بروزن علماء ہے۔ عوام رؤسا بروزن طوطا بولتے ہیں۔	جمع رئیس کی۔ سردار	رُؤَسَاء
بضم اول ہے۔ بعض نے بفتح اول بھی لکھا ہے۔	منور	رُوشَن
بفتح اول و کسر واؤ و تشدید یا ہے۔ بفتح واؤ غلط ہے۔	طریقہ۔ دستور	رَوِیَّہ
بفتح اول ہے۔ بکسر راء غلط مستعمل ہے۔	خلاص۔ آزاد	رَہا
بضم اول ہے۔ بفتح اول غلط مستعمل ہے۔	عابدان ترسایان و نصارا جمع راہب کی ہے۔	رُہبان
بفتح اول ہے۔ بضم اول غلط مستعمل ہے۔	زہد ترسایان و نصارا	رَہبانیت
ہر دو بفتح اول ہیں۔ بکسر اول غلط مستعمل ہیں۔	گرو۔ گرو کرنا۔	رَہن
	گرد کیا ہوا	رَہین
بفتح اول ہے۔ بکسر غلط مستعمل ہے۔	گیاہ خوشبو۔ گلہا شراب جمع ریحان کی	رَیَاحِین

الفاظ	معانی	کیفیت صحت و غلطی

باب زائے معجمہ

الفاظ	معانی	کیفیت صحت و غلطی
زَبُور	نام کتاب داؤد علیہ السلام	بفتح اول ہے۔ بضم غلط ہے۔
زَبُوں	بد - بدتر	بفتح اول ہے۔ بضم غلط مستعمل ہے۔
زِرنیخ	ہڑتال	بکسر اول ہے فارسی والے بالفتح لکھتے ہیں۔
زِفاف	اول مرتبہ ہمبستری شوہر و عروس	بکسر اول ہے بفتح اول غلط مستعمل ہے۔
زَک	الزام - شکست	بفتح اول ہے بکسر اول غلط مستعمل ہے
زُگال	کوئلہ	گاف کی بجائے غین سے بولنا غلط ہے۔
زَلّہ	پس خوردہ	بفتح اول و لام مشدد ہے۔ بضم اول غلط مستعمل ہے۔
زِمام	مہار شتر	بکسر اول ہے۔ بفتح اول غلط مستعمل ہے۔
زُمُرَّد	جوہر سبز رنگ مشہور	بضم اول و دوم و تشدید رائے مہملہ مفتوح ہے۔ بضم رائے مہملہ بھی صحیح ہے۔ لیکن بفتح اول غلط مستعمل ہے۔
زَمین	وہ کرہ جس پر انسان آباد ہیں	بفتح زائے معجمہ ہے بکسر غلط مستعمل ہے۔ اسی طرح زمیندار وغیرہ۔
زُنبور	مگس معروف ڈنک مارنے والی	بضم اول ہے۔ بفتح اول غلط ہے۔

کیفیت صحت و غلطی	معانی	الفاظ
بضم اول ہے بفتح اول غلط مستعمل ہے۔	درا۔ پازیب جلاجل	زُنگولہ
بضم اول ہے۔ بفتح اس معنی میں غلط مستعمل زوار بفتح اول صیغہ مبالغہ ہے یعنی بہت زیارت کرنے والا۔	جمع زایر کی	زُوّار
بفتح اول ہے۔ بکسر غلط ہے۔	پتہ۔ خوبی	زَہرہ

باب زائے فارسی

کیفیت صحت و غلطی	معانی	الفاظ
بفتح اول ہے۔ بکسر اول غلط مستعمل ہے۔	نام کتاب زرتشت آتش پرست	ژَند

باب سین مہملہ

کیفیت صحت و غلطی	معانی	الفاظ
بروزن قاصر صحیح ہے۔ سائیس غلط ہے۔	نگہبان۔ خصوصاً گھوڑوں کا	سَائِس
بکسر عین مہملہ ہے۔ بفتح عین غلط ہے۔	بازو۔ فارسی والے مابین مرفق و کفدست کو ساعد کہتے ہیں۔	سَاعِد

الفاظ	معانی	کیفیت صحت و غلطی
سِبَاع	درندے جمع ہے سَبُع کی جو بفتح اول وضم دوم ہے	بکسر اول ہے۔ بفتح اول غلط مستعمل ہے۔
سُبْحَہ	تسبیح	بضم اول ہے۔ بفتح اول غلط مستعمل ہے۔
سَبُک	ہلکا۔ ضد گراں	بفتح اول وضم دوم ہے۔ بضم اول و دوم غلط ہے۔
سِبْلَت	مونچھ	بکسر اول وسکون ثانی وفتح ثالث ہے بضم اول غلط ہے۔
سَبُوس	بھوسی	بفتح اول وضم دوم ہے۔ بضم اول غلط مستعمل ہے۔
سِپَاس	تعریف۔ شکر	بکسر اول ہے۔ بضم اول غلط مستعمل ہے۔
سِپید	معنی معروف یعنی ابیض	بکسر اول و دوم ویائے مجہول ہے۔ بفتح اول و دوم غلط ہے۔
سُتُرگ	بزرگ	بضم اول و دوم ہے۔ بکسر اول غلط مستعمل ہے۔
سُتُوہ	ملول۔ عاجز	بضمتین ہے۔ بکسر اول غلط ہے۔
سِجَاف	جامہ کے کناروں پر جو کچھ لگاتے ہیں۔	بکسر اول ہے۔ سنجاف بفتح اول و زیادت نون ساکن جیساکہ مشہور ہے غلط ہے۔
سَحَاب	بادل۔ ابر	بفتح اول ہے۔ بکسر اول غلط مستعمل ہے۔
سَحْق	رگھسنا	بفتح اول ہے بکسر غلط مستعمل ہے۔
سَدَاد	راستی و درستی گفتار و کردار	بفتح اول ہے۔ بضم بمعنی مذکور غلط مستعمل ہے۔ بضم اول نام مرض کا ہے۔

الفاظ	معانی	کیفیت صحت و غلطی
سَراب	کور آب	بفتح اول ہے۔ بالضم غلط ہے۔
سِرایت	تاثیر	بکسر اول ہے۔ بفتح غلط ہے۔
سِرشت	طینت۔ خمیر	بکسر اول و ثانی ہے۔ بفتح غلط مستعمل ہے۔
سِرشک	آنسو	بکسر سین ہے۔ بفتح اول غلط ہے۔
سَرَطان	جانور مشہور گھنگچہ	بفتح اول و ثانی و ثالث ہے۔ بسکون ثانی غلط ہے
سَرِقہ	چوری	بفتح اول و کسر ثانی ہے۔ بسکون ثانی غلط مستعمل ہے۔
سِرگین	گوبر	بکسر اول ہے۔ بضم اول غلط ہے۔
سُرُود	نغمہ۔ راگ	بضم اول و دوم ہے اور واؤ معروف یا مجہول دونوں طرح صحیح ہے۔ بفتح اول غلط مستعمل ہے۔
سُرُوش	نام جبرئیل علیہ السلام اور ہر فرشتہ پیغام خداتعالیٰ لانے والا	بضم اول و دوم ہے۔ بفتح اول غلط مستعمل۔
سَرِی	نام ولی	بروزن غنی ہے۔ بکسر سین غلط ہے۔
سُرِّیَّہ	کنیز	بضم اول و کسر ثانی و تشدید یا ثانی و ثالث ہے۔ سریہ بالفتح غلط ہے۔
سَزاوُل	حاصل کرنے والا	بفتح اول و ثانی و ضم واؤ ہے۔ بفتح واؤ غلط مستعمل ہے۔
سَطْوَت	قہر۔ حملہ	بفتح اول ہے بکسر اول غلط ہے۔
سِفارت	ایلچی گری	بکسر اول ہے۔ بفتح غلط ہے۔

الفاظ	معانی	کیفیت صحت و غلطی
سُفارِش	شفاعت	بضم اول وکسر را ہے بکسر اول غلط ہے۔
سَفاہت	سبکی عقل۔ فرومائگی۔ نادانی	بفتح اول ہے۔ بکسر غلط ہے۔
سفوف	چھنا ہوا آٹا مطلقاً دوا خصوصاً	بفتح اول ہے۔ بضم غلط ہے۔
سِپِید	سپید۔ ابیض	بکسر اول و دوم ہے۔ بفتح اول و دوم غلط ہے۔
سِقایہ	پیمانہ آب۔ خزانہ آب	بکسر اول و بی۔ الف یائے تحتانی ہے۔ سقاوہ بفتح اول اور بجائے یائے تحتانی واؤ کے ساتھ غلط مشہور ہے۔
سُقراط	نام حکیم مشہور	بفتح اول ہے۔ بضم اول غلط مستعمل ہے۔
سُقمونیا	نام دوا	بضم اول ہے۔ بالفتح صحیح نہیں۔
سُکینہ	نام دختر سیدنا امام حسین علیہ السلام	بروزن زبیدہ ہے۔ بروزن کریمہ غلط۔
سَلخ	آخر ماہ	بفتح اول وسکون لام ہے۔ بفتح لام غلط مستعمل ہے۔
سِماک	منزل قمر	بکسر اول ہے۔ بفتح اول غلط مستعمل ہے
سَمت	طرف	بفتح اول ہے۔ بکسر اول غلط مستعمل ہے۔
سَمور	ایک مشہور جانور۔ جانور مذکور کا پوست	بفتح اول ہے۔ بضم اول غلط مستعمل ہے۔
سَموم	ہوائے گرم	بفتح اول ہے۔ بضم غلط مستعمل ہے۔
سَنون	منجن	بفتح اول ہے۔ بضم غلط مستعمل ہے۔
سُوال	مانگنا	بالضم سین ہے۔ بفتح غلط ہے۔

الفاظ	معانی	کیفیت صحت و غلطی
سَہیٰ	راست عموماً و سرو راست خصوصاً	بفتح اول ہے۔ بکسر اول غلط مستعمل ہے۔
سِیاق و سِباق	چلانا اور بڑھنا	دونوں بکسر سین ہیں۔ ثانی کو بفتح سین پڑھنا غلطی ہے۔
سَیِّد	سردار	بفتح اول و یائے تحتانی مشدد مکسور یائے مفتوح غلط مستعمل ہے۔ اس قسم کے صیغوں میں عوام بلکہ بعض خواص غلطی سے یا کو فتح دیتے ہیں حالانکہ کسرہ چاہیے جیسے جیِّد۔ طیِّب۔ میِّت۔ نیِّر وغیرہ۔
